(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## سماجی رویے

کھانے پینے کی عادات

**77% پاکستانی روزانہ اپنے گھر والوں کے ساتھ کھانا کھاتے ہیں، جو کہ ساتھ مل بیٹھ کر کھانا کھانے کی مضبوط روایت کی عکاسی کرتا ہے—مل بیٹھ کر کھانا کھانے والوں کی شرح شہری علاقوں میں رہنے والے گھرانوں (72%) کی نسبت دیہی علاقوں میں رہنے والے گھرانوں (79%) میں زیادہ پائی گئی۔**

**(گیلپ&گیلانی سروے)**

(اسلام آباد) 19، جون 2025

گیلپ&گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، 77% پاکستانی روزانہ اپنے گھر والوں کے ساتھ کھانا کھاتے ہیں، جو کہ ساتھ مل بیٹھ کر کھانا کھانے کی مضبوط روایت کی عکاسی کرتا ہے—مل بیٹھ کر کھانا کھانے والوں کی شرح میں شہری علاقوں مین رہنے والے گھرانوں (72%) کی نسبت دیہی علاقوں میں رہنے والے گھرانوں (79%) میں زیادہ پائی گئی۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ کتنی باقاعدگی سے اپنے گھر والوں کے ساتھ مِل بیٹھ کر کھانا کھاتے ہیں؟"**۔اس سوال کے جواب میں 77% جوابدہندگان کے مطابق وہ 'روزانہ' اپنے گھر والوں کے ساتھ مِل بیٹھ کر کھانا کھاتے ہیں، 8% جوابدہندگان کے مطابق 'ہفتے میں کئی بار'، 12% جوابدہندگان کے مطابق 'بہت کم'، جبکہ 3% جوابدہندگان کے مطابق وہ کبھی بھی اپنے گھر والوں کے ساتھ مِل بیٹھ کر کھانا 'نہیں' کھاتے ہیں۔


**"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ کتنی باقاعدگی سے اپنے گھر والوں کے ساتھ مِل بیٹھ کر کھانا کھاتے ہیں؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 724 خواتین اور مرد حضرات سے 16th اپریل تا 30th اپریل 2025 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**<u>دیہی–شہری علاقوں کے اعتبار سے:</u>** دیہی علاقوں میں رہنے والے جوابدہندگان میں ایک ساتھ کھانا کھانے کی روایات زیادہ پائی گئیں، جہاں نمایاں طور پر ایک بھاری اکثریت 79% نے بتایا کہ وہ روزانہ اپنے گھر والوں کے ساتھ کھانا کھاتے ہیں، جبکہ شہری علاقوں مین رہنے والے جوابدہندگان میں یہ شرح 72% پائی گئی۔اس کے برعکس، دیہی علاقوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی 7% شرح نے بتایا کہ وہ ہفتے میں کئی بار گھر والوں کے ساتھ مل کر کھانا کھاتے ہیں، شہری علاقوں میں اس حوالے سے شرح تھوڑی زیادہ پائی گئی جو کہ 9% رہی۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**Opinion Poll from Gallup Pakistan**
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, 19th June 2025**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2025

celebrating 45 years of Gallup Pakistan (1980-2025)